

اِظْهَارُ الْحَقِّ الْجَلِی

بنام

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

سے سوال جواب

(اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے کیے گئے سوالات کے مختصر مگر جامع جوابات)

المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)
شعبہ کتبِ اعلیٰ حضرت

نام کتاب : اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال، جواب
(إظهار الحق الجلي)

تعداد : ۱۰۰۰

طباعتِ ۱۴۲۵ھ بمطابق ۲۰۰۴ء

طباعتِ ۱۴۳۰ھ 2009ء تعداد 1000

طباعتِ ۱۴۳۲ھ 2011ء تعداد 3000

طباعتِ ۱۴۳۳ھ 2011ء تعداد 8000

طباعتِ ۱۴۳۴ھ 2013ء تعداد 2000

پیشکش : المدينة العلمية

ناشر : مکتبۃ المدینہ

سوال نمبر ۲۵: کتاب ''شرح مسلم الثبوت'' کو آپ جانتے ہیں اور یہ آپ کی کتاب ہے یا نہیں؟

جواب: مسلم الثبوت کی کئی شرحیں ہیں اور ان میں ہماری کوئی تصنیف نہیں اور اگر یہ مراد ہے کہ ان میں جو کچھ لکھا ہے وہ سب ہمیں تسلیم ہے یا نہیں تو اس کا یہ حال ہے کہ ہم اپنے امام سے مقلد ہیں ان مصنفوں کے مقلد نہیں، ہم ہمیشہ جمہور سواد اعظم (۱) کے پیرو ہیں، جو بات جس مصنف کی خصوصاً حال کے لوگوں، خصوصاً ہندی مولویوں کی، جمہور کے خلاف ہو، ہمیں تسلیم نہیں ہو سکتی۔

سوال نمبر ۲۶: ''شرح مسلم الثبوت'' میں عبارت ذیل درج ہے یا نہیں؟

''لا واجب إلا ما أوجب اللّٰہ تعالیٰ ولہ الحکم ولم یوجب علی أحدٍ أن یتمذھب برجل من الأئمۃ فإیجابہ تشریع شرع جدید''۔ یعنی واجب وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے واجب فرمایا اور حکم اسی کو سزاوار ہے اور اللہ تعالیٰ

۱۔ بڑا گروہ، مسلمانوں کی سب سے بڑی جماعتِ حقہ کو سوادِ اعظم کہتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے۔ سَتَفْتَرِقُ أُمَّتِی ثلثًا و سَبْعِینَ فِرْقَۃً کُلُّھُمْ فِی النَّارِ اِلَّا وَاحِدَۃً (یعنی میری) ''یہ امت تہتر فرقے ہو جائے گی ایک فرقہ جنتی ہو گا باقی سب جہنمی'' صحابہ نے عرض کی مَنْ ھُمْ یارسول اللّٰہ (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) ''وہ ناجی (نجات پانے والا) فرقہ کون ہے یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)''۔ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ارشاد فرمایا مَا اَنَا عَلَیْہِ وَاَصْحَابِی ''وہ جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں'' (یعنی سنت کے پیروکار) دوسری روایت میں ''ھُمُ الجماعۃ'' وہ جماعت ہے یعنی مسلمانوں کا بڑا گروہ جسے سوادِ اعظم فرمایا اور فرمایا جو اس سے الگ ہوا جہنم میں الگ ہوا، اسی وجہ سے اس ناجی فرقہ کا نام اہل سنت و جماعت ہوا۔ (بہارِ شریعت جہیز ایڈیشن، حصہ اول، ج ۱، ص ۴۸ مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی)